© rasailojaraid.com



"علامہ خمینی کی اسلامی تحریک مکمل اور جامع اسلامی تعلیمات کی علمبردار ہے" (اقتباس)

مترجم صاحب کے یہ سب اقوال باطل اور نہایت گمراہ کن ہیں۔ چنانچہ ہر صحیح العقیدہ مسلمان کو لازم ہے کہ شیعیت کے اس مبلّغ اور سرخیل (یعنی خمینی صاحب) کے بہروپ کو پہچانیں اور ان کے بارہ میں سستے، بازاری اور لچر قسم کے پروپیگنڈا کرنے والوں سے ہوشیار رہیں خواہ وہ کسی بھی جماعت (خواہ مذہبی ہو یا سیاسی) سے وابستہ ہوں۔ المختصر ایرانی انقلاب کو ایک ظالم حکمران کو بادشاہت سے معزول کرنے کی کوشش تو کہا جا سکتا ہے لیکن اسے اسلامی انقلاب قرار دینا سراسر خلافِ واقعہ اور غلط بیانی ہے۔ اسی طرح اس انقلاب کے قائد آیت اللہ خمینی صاحب کو کسی عام، سطحی اور متعصب شیعہ عالم سے بلند و بالاتر یا شیعہ سنّی اختلافات سے بے نیاز سمجھنا حقیقت کو جھٹلانے کے مترادف ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہم سب متبعینِ سنّت کو ہر قسم کے شر، گمراہی اور ضلالت سے محفوظ و مامون رکھیں۔ آمین! وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ!

شعر و ادب

## غزل

اسرار احمد سہاوری

مجھ کو دیوانہ بنا کر خوب رسوا کیجئے
شوخیٔ قسمت کا اپنی یوں مداوا کیجئے

خود ہی ہو جائیں گے وہ محوِ تماشائے جنوں
غنچہ و گل میں سما کر مجھ سے پردہ کیجئے

ساقیٔ محفل ہی جب اپنی نگاہیں پھیر لے
کس لیے پھر اہتمامِ جام و مینا کیجئے

اشک کا طالب ہے ہر خارِ مغیلانِ حرم،
خون کے چھینٹوں سے پھر تزئینِ صحرا کیجئے

گر ہجومِ سرفروشاں میں نہیں کوئی شریک
کام جو کرنے کا ہے خود اس کو تنہا کیجئے

مصلحت کوشی اگر مانع ہے بزمِ ناز سے
دل کے دیوانے کو اپنے کارفرما کیجئے

حسنِ یکتا کو دلوں میں جلوہ فرما کیجئے!
دل میں ذوقِ جستجو کا حسن پیدا کیجئے

جاں سپاریٔ عشق کا اسرار گر ہے مدعا
سرفروشی کے لیے بڑھ کر یہ سودا کیجئے!

© rasailojaraid.com